# Model Sample Paper **Code -A**

Subject: Urdu Class: 10th Session:2026-27

Paper: Annual/ Supplementary Time: 3:00 Hour Marks:80

Roll No.______________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆برائے مہربانی اس بات کی تصدیق کرلیں کہ یہ سوال نامہ 7 صفحات پر مشتمل ہے اوراس میں سوالات کی کل تعداد 20 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 6 in number and it contains 20 questions.

☆سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ برائے مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer book.

☆مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆برائے مہرانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعوی قبول نہیں کیا جائے گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆سوال نمبر ایک 16 معروضی سوالات پر منحصر ہے۔ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 is based on 16 objective type questions and carry 1 equal marks.

☆سوال نمبر 2 سے 8 تک بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال دو دو نمبر کا ہے۔

Question No 2 to 8 are based on Very short answer and carry 2 marks each.

☆سوال نمبر 9 سے 13 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

Question No 9 to 13 are based short answer type and carry 3 marks each .

☆سوال نمبر 14 سے 16 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں۔ہر سوال 4 نمبر کا ہے؟

Question No 14 to 16 are based on short answer and carry 4 marks each.

☆سوال نمبر 17 سے 19 تک تفصیلی جوابات پر مشتمل ہیں۔ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

Question No 17 to 19 are based on long answer and carry 5 marks each.

☆سوال نمبر 20 غیر اقتباسی پیراگراف پر مشتمل ہے۔یہ سوال 8 نمبر کا ہے۔

Question No 20 is based on unseen passage and carry 8 marks.

☆☆☆☆☆☆☆

سوال **1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار-چار جواب دیے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے :- 16x1=16

(i) 'بے تکلفی' کس کا انشائیہ ہے؟

(۱) کنھیا لال کپور (۲) ساحؔر لدھیانوی

(۳) اسمٰعیلؔ میرٹھی (۴) پطرس بخاری

(ii) نظیؔر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟

(۱) دہلی (۲) لاہور

(۳) آگرہ (۴) پٹنہ

(iii) ساحؔر لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا؟

(۱) علی محمد (۲) ولی محمد

(۳) عبدالحئی (۴) شاہد خان

(iv) 'خلعت' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) خوبصورت (۲) قیمتی لباس

(۳) برائی (۴) ان میں کوئی نہیں

(v) 'خدائے سخن' کسے کہا جاتا ہے؟

(۱) میر تقی میؔر (۲) ولی محمد

(۳) عبدالحئی (۴) مرزا غالبؔ

(vi) میر تقی میؔر کا انتقال کہاں ہوا؟

(۱) دہلی (۲) آگرہ

(۳) لکھنو (۴) پٹنہ

(vii) 'قبیلہ' کے معنی کیا ہیں؟

(۱) گواہ (۲) گروہ

(۳) سپاہی (۴) شاندار

(viii) 'تسبیح' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) خدا کی پاکی بیان کرنا (۲) شیطان کی تعریف کرنا

(۳) نبی کی تعریف کرنا (۴) صحابہ کی تعریف کرنا

(ix) ڈاکٹر علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

(۱) حیدر آباد (۲) سیالکوٹ

(۳) ممبئی (۴) آگرہ

(x) 'واحد' کے معنی کیا ہیں؟

(۱) ایک　　(۲) بہت سارے

(۳) دس　　(۴) پانچ

(xi) 'کارتوس' کس کا مشہور ڈراما ہے؟

(۱) محمد مجیب　　(۲) حبیب تنویر

(۳) امانت لکھنوی　　(۴) راجندر سنگھ بیدی

(xii) 'کاٹھ کا گھوڑا' کس کا افسانہ ہے؟

(۱) پریم چند　　(۲) حبیب تنویر

(۳) اقبال مجید　　(۴) رتن سنگھ

(iiix) 'مشرق' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) پورب　　(۲) پچھّم

(۳) شُمال　　(۴) جنوب

(xiv) 'آدمی کی کہانی' کس کا مضمون ہے؟

(۱) احتشام حسین　　(۲) محمد مجیب

(۳) حالؔی　　(۴) نذیؔر احمد

(xv) مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(۱) آگرہ　　(۲) دہلی

(۳) لکھنو　　(۴) علی گڑھ

(xvi) رضیہ نے میر آخور کا عہدہ کسے دیا؟

(۱) اپنے بھائی کو　　(۲) حبشی غلام یاقوت کو

(۳) اپنے شوہر کو　　(۴) دلاور خان کو

سوال.2 سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے؟ 2x1=2

سوال.3 ٹھیکرے نے اپنے ایک کردار کی بے تکلفی کا ذکر کس طرح کیا ہے؟ 2x1=2

سوال.4 'کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2x1=2

سوال.5 انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟ 2x1=2

سوال.6 چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا 2x1=2

سوال.7 لین شو نے خدا کے نام خط میں کیا لکھا؟ 2x1=2

سوال.8 کعبے جانے سے غالبؔ کو کیوں شرم آتی ہے؟ 2x1=2

سوال.9 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے۔ 3x1=3

امرا افواج مشکل بیگمات اختیار کتاب

سوال.10 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے متضاد لکھیے۔ 3x1=3

نزدیک تیز شکست پختہ موجود

سوال.11 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے مذکر سے موئنث اور موئنث سے مذکر بنائیے۔ 3x1=3

ملکہ عالم لڑکا بہن بیٹی

سوال.12 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

اسم
ضمیر
صفت
فعل

سوال.13 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

غزل
نظم

سوال .14 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک گولا تھی، اُس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔ لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیوں کہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔ دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی یہ ہمیں نہیں معلوم۔ بس ہماری قسمت میں کچھ یہی لکھا تھا۔

سوال.15 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

(الف)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

(ب)

بم گھروں پر گریں کہ سر حد پر
روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

سوال.16 مندرجہ خالی جگہوں کو دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 1x4=4

<u>التمش</u> <u>التونیہ</u> <u>حکمراں</u> <u>ہندوستاں</u>

(i) رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ -------------- کی بیٹی تھی۔

(ii) رضیہ---------------- کی پہلی ملکہ تھی۔

(iii) ارضیہ کے شوہر کا نام ----------------------تھا۔

(iv) رضیہ سلطان اعلی درجے------------- تھی۔

سوال.17 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام ضروری کام کی چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ 5x1=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی ایک درخواست لکھیے۔

سوال.18 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک کی حیات وشخصیت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

نظیر اکبر آبادی

بشؔر نواز

مرزا غالبؔ

سوال.19 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

مصنوعی ذہانت (A.I.)

عیدالفطر

دیوالی

میرا استاد

میرا اسکول

سوال.20 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 1x8=8

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence یا AI) جدید دور کی ایک حیرت انگیز اور انقلابی ٹیکنالوجی ہے۔ آسان الفاظ میں، یہ کمپیوٹر سائنس کی وہ شاخ ہے جس کے ذریعے مشینوں اور کمپیوٹر پروگراموں کو انسانی دماغ کی طرح سوچنے، سمجھنے، سیکھنے اور فیصلے کرنے کے قابل بنایا جاتا ہے۔ ماضی میں جو کام صرف انسان ہی کر سکتے تھے، جیسے کہ زبانوں کا ترجمہ کرنا، تصویروں کی پہچان، اور پیچیدہ مسائل کو حل کرنا، وہ اب AI کی مدد سے منٹوں میں انجام پا رہے ہیں۔

آج زندگی کا کوئی بھی شعبہ ایسا نہیں ہے جہاں مصنوعی ذہانت کا استعمال نہ ہو رہا ہو۔ تعلیم، صحت، زراعت، اور کاروبار میں اس کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ مثال کے طور پر، طب کے شعبے میں AI بڑی بیماریوں کی جلد تشخیص کرنے میں ڈاکٹروں کی مدد کر رہا ہے، جبکہ تعلیم کے میدان میں یہ طلبہ کو ان کی ذہنی صلاحیت کے مطابق پڑھنے میں مدد دیتا ہے۔ تاہم، جہاں اس ٹیکنالوجی کے بے شمار فائدے ہیں، وہاں کچھ چیلنجز بھی ہیں۔ بہت سے ماہرین کا خیال ہے کہ AI کے بڑھتے ہوئے استعمال سے مستقبل میں کئی روایتی ملازمتیں ختم ہو سکتی ہیں اور انسانوں کی مشینوں پر انحصار کی عادت بڑھ سکتی ہے۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اس

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ذمہ داری اور اعتدال کے ساتھ کریں تا کہ یہ انسانیت کے لیے زحمت کے بجائے صرف رحمت ثابت ہو۔

سوالات:

1. انسانوں کو اس جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کس طرح کرنا چاہیے؟
2. مصنوعی ذہانت (AI) سے کیا مراد ہے؟
3. مصنوعی ذہانت (A.I.) کے ذریعے کمپیوٹر اور مشینوں کو کس قابل بنایا جاتا ہے؟
4. ماضی کے کون سے ایسے کام ہیں جو اب AI منٹوں میں کر سکتا ہے؟
5. طبی شعبے (Medical Field) میں مصنوعی ذہانت انسانوں کی کس طرح مدد کر رہی ہے؟
6. تعلیمی میدان میں AI کا کیا فائدہ ہے؟
7. عبارت کے مطابق AI کے بڑھتے ہوئے استعمال سے کون سے بڑے چیلنجز یا نقصانات سامنے آ سکتے ہیں؟
8. اس عبارت کے لیے ایک مناسب اور بہترین عنوان (Title) تجویز کیجیے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆